سوال

(69) شیاطین کا جکڑ سے جانا اور ستاروں کا ٹوٹنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن شریف میں آتا ہے کہ تارے شیطانوں کے لیے راجم ہیں ۔ چواڑے مارے جاتے ہیں اور حدیث میں آتا ہے کہ رمضان میں سب شیطان قید کیے جاتے ہیں ۔ مگر تارے اس طرح بدستور ٹوٹتے رہتے ہیں ۔ ان کے ٹوٹنے کی وجہ بیان کی جائے ؟ ازراہِ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دیں جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث میں ہے سرکش شیطان جکڑے جاتے ہیں ۔ سارے نہیں ملاحظہ ہو مشکوۃ کتاب الصوم پس اب کوئی اعتراض نہیں ۔

وباللہ التوفیق

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص156